SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

# PRESS STATEMENT

For immediate release

***December 27, 2018***

**سرمایہ کاروں کے تحفظ کے پیشِ نظر قانون نافذ کرنے والے اداروں سے تعاون جاری رکھیں گے؛ ایس ای سی پی**

اسلام آباد(دسمبر 27) پاکستان میں ایک جدید منصفانہ اور شفاف کیپیٹل مارکیٹ کے قیام، کارپوریٹ سیکٹر کے فروغ اور سرمایہ کاروں اور عوام کے مفادات کے تحفظ کے پیشِ نظر، سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ملک میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کے لئے پر عزم ہے۔

ایس ای سی پی کے ترجمان کے مطابق گزشتہ شام (دسمبر 26 بروز بدھ)، وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے کچھ کمپنیوں کے ریکارڈ تک رسائی کے لئے ایس ای سی پی سے رابطہ کیا۔ ایف آئی اے کی درخواست پر ایس ای سی پی نے فوری طور پر سنئیر افسران کو تعینات کیا اور ایجنسی کو مطلوبہ ریکارڈ تک رسائی فراہم کی گئی۔ ایجنسی کی جانب سے طلب کیا گیا ریکارڈ بھی اور بروقت فراہم کر دیا گیا۔ قانون پر عمل درآمد کو یقینی بناتے ہوئے ریکارڈ کی فراہمی اور دفتر کے مختلف حصوں تک رسائی کے عمل کو دونوں اداروں کے باہمی تعاون کے ساتھ مکمل کیا گیا۔

کارپوریٹ سیکٹر اور کیپیٹل مارکیٹ کا اپیکس ریگولیٹر اور ریاست کا ایک ذمہ دار ادارہ ہونے کے ناطے، ایس ای سی پی ملک میں قانون کی عملداریت کو قائم رکھنے کے لئے قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں سے تعاون جاری رکھے گا۔ اسی مقصد کے تحت ایس ای سی پی نے حال ہی میں بنائی جانے والی دو جائنٹ انوسٹی گیشن ٹیم (جے آئی ٹی) کے لئے اپنے بہترین افراد فراہم کئے، وسائل اور تکنیکی تعاون فراہم کیا گیا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005